احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 29مارچ 2010ء 12ربیع الثانی 1431 ہجری 29/امان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 69

جلد قبولیت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ۔

''ایک دفعہ ہمیں اتفاقاً پچاس روپیہ کی ضرورت پیش آئی اور جیسا کہ اہل فقراور توکل پر کبھی کبھی ایسی حالت گزرتی ہے۔ اس وقت ہمارے پاس کچھ نہ تھا سو جب ہم صبح کے وقت سیر کے واسطے گئے تو اس ضرورت کے خیال نے ہم کو یہ جوش دیا کہ اس جنگل میں دعا کریں۔ پس ہم نے ایک پوشیدہ جگہ میں جا کراس نہر کے کنارہ پر دعا کی جو قادیان سے تین میل کے فاصلہ پر بٹالہ کی طرف واقع ہے۔ جب ہم دعا کر چکے تو دعا کے ساتھ ہی ایک الہام ہوا جس کا ترجمہ یہ ہے۔ ''**دیکھ میں تیری دعاؤں کو کیسے جلد قبول کرتا ہوں۔**''

تب ہم خوش ہو کر قادیان کی طرف واپس آئے اور بازار کا رخ کیا تا کہ ڈاکخانہ سے دریافت کریں کہ آج ہمارے نام کچھ روپیہ آیا ہے یا نہیں چنانچہ ہمیں ایک خط ملا جس میں لکھا تھا کہ پچاس روپیہ لدھیانہ سے کسی نے روانہ کئے ہیں اور غالباً وہ روپیہ اسی دن یا دوسرے دن ہمیں مل گیا۔''

﴿ نزول المسیح ۔ روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 612 ﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

۱۴۲۔نشان ۔ میرے ایک صادق دوست اورنہایت مخلص جن کا نام ہے سیٹھ عبدالرحمٰن تاجر مدراس اُن کی طرف سے ایک تار آیا کہ وہ کاربنکل یعنی سرطان کی بیماری سے جو ایک مہلک پھوڑا ہوتا ہے بیمار ہیں چونکہ سیٹھ صاحب موصوف اوّل درجہ کے مخلصین میں سے ہیں اِس لئے انکی بیماری کی وجہ سے بڑا فکر اور بڑا تردّد ہوا قریباً نو بجے دن کا وقت تھا کہ میں غم اور فکر میں بیٹھا ہوا تھا کہ یک دفعہ غنودگی ہو کر میرا سر نیچے کی طرف جُھک گیا اور معاً خدائے عزّوجلّ کی طرف سے وحی ہوئی کہ **آثارِ زندگی**۔ بعد اس کے ایک اور تار مدراس سے آیا کہ حالت اچھی ہے کوئی گھبراہٹ نہیں۔ لیکن پھر ایک اور خط آیا کہ جو اُن کے بھائی صالح محمد مرحوم کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا جس کا یہ مضمون تھا کہ سیٹھ صاحب کو پہلے اِس سے ذیابیطس کی بھی شکایت تھی۔ چونکہ ذیابیطس کا کاربنکل اچھا ہونا قریباً محال ہے اِس لئے دوبارہ غم اور فکر نے استیلا کیا اور غم انتہا تک پہنچ گیا اور یہ غم اس لئے ہوا کہ میں نے سیٹھ عبدالرحمٰن کو بہت ہی مخلص پایا تھا اور انہوں نے عملی طور پر اپنے اخلاص کا اول درجہ پر ثبوت دیا تھا اور محض دلی خلوص سے ہمارے لنگر خانہ کے لئے کئی ہزار روپیہ سے مدد کرتے رہے تھے جس میں بجز خوشنودیٔ خدا کے اور کوئی مطلب نہ تھا اور وہ ہمیشہ صدق اور اخلاص کے تقاضا سے ماہواری ایک رقم کثیر ہمارے لنگر خانہ کے لئے بھیجا کرتے تھے اور اس قدر محبت سے بھرا ہوا اعتقاد رکھتے تھے کہ گویا محبت اور اخلاص میں محو تھے اور اُن کا حق تھا کہ اُن کے لئے بہت دعا کی جائے آخر دل نے اُن کے لئے نہایت درجہ جوش مارا جو خارق عادت تھا اور کیا رات اور کیا دن میں نہایت توجہ سے دعا میں لگا رہا تب خدا تعالیٰ نے بھی خارق عادت نتیجہ دکھلایا اور ایسی مہلک مرض سے سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب کو نجات بخشی گویا اُن کو نئے سرے سے زندہ کیا چنانچہ وہ اپنے خط میں لکھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے آپ کی دُعا سے ایک بڑا معجزہ دکھلایا ورنہ زندگی کی کچھ بھی اُمید نہ تھی اپریشن کے بعد زخم کا مندمل ہونا شروع ہو گیا اور اس کے قریب ایک نیا پھوڑا نکل آیا تھا جس نے پھر خوف اور تہلکہ میں ڈال دیا تھا مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ کاربنکل نہیں آخر چند ماہ کے بعد بکلّی شفا ہو گئی۔ میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہی مُردہ کا زندہ ہونا ہے۔ کاربنکل اور پھر اس کے ساتھ ذیابیطس اور عمر پیرانہ سالی اِس خوفناک صورت کو ڈاکٹر لوگ خوب جانتے ہیں کہ کس قدر اس کا اچھا ہونا غیر ممکن ہے ہمارا خدا بڑا کریم ورحیم ہے اور اس کی صفات میں سے ایک احیاء کی صفت بھی ہے۔

سال گذشتہ میں یعنی ۱۱/اکتوبر ۱۹۰۵ء کو ہمارے ایک مخلص دوست یعنی مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم اِسی بیماری کاربنکل یعنی سرطان سے فوت ہو گئے تھے اُن کے لئے بھی میں نے بہت دعا کی تھی مگر ایک بھی الہام اُن کے لئے تسلّی بخش نہ تھا بلکہ بار بار یہ الہام ہوتے رہے کہ **کفن میں لپیٹا گیا۔ ۴۷ برس کی عمر۔** .... یعنی ۴۷ موتوں کے تیر خطا نہیں جاتے۔ جب اس پر بھی دعا کی گئی تب الہام ہوا............ یعنی اے لوگو! تم اُس خدا کی پرستش کرو جس نے تمہیں پیدا کیا ہے یعنی اُسی کو اپنے کاموں کا کارساز سمجھو اور اس پر توکل رکھو۔ کیا تم دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو۔ اِس میں یہ اشارہ تھا کہ کسی کے وجود کو ایسا ضروری سمجھنا کہ اس کے مرنے سے نہایت درجہ حرج ہوگا ایک شرک ہے اور اس کی زندگی پر نہایت درجہ زور لگا دینا ایک قسم کی پرستش ہے اس کے بعد میں خاموش ہو گیا اور سمجھ لیا کہ اس کی موت قطعی ہے چنانچہ وہ گیارہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۰۵ء کو بروز چارشنبہ بوقت عصر اس فانی دنیا سے گذر گئے۔ وہ درد جو اُن کے لئے دُعا کرنے میں میرے دل پر وارد ہوا تھا خدا نے اس کو فراموش نہ کیا اور چاہا کہ اس ناکامی کا ایک اور کامیابی کے ساتھ تدارک کرے۔ اس لئے اِس نشان کے لئے سیٹھ عبدالرحمٰن کو منتخب کر لیا اگر چہ خدا نے عبدالکریم کو ہم سے لے لیا تو عبدالرحمٰن کو دوبارہ ہمیں دے دیا۔ وہی مرض اُن کے دامنگیر ہو گئی آخر وہ اسی بندہ کی دعاؤں سے شفایاب ہو گئے (۔)۔ میرا صدہا مرتبہ کا تجربہ ہے کہ خدا ایسا کریم ورحیم ہے کہ جب اپنی مصلحت سے ایک دُعا کو منظور نہیں کرتا تو اس کے عوض میں کوئی اور دُعا منظور کر لیتا ہے جو اُس کے مثل ہوتی ہے۔

﴿ حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 338 ﴾

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات ربوہ

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی ثناء میں داخلہ برائے سال 2010ء کے لئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2010ء ہے۔ داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کے لئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام ، ولدیت ، تاریخ پیدائش ، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر

2۔ برتھ سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

3۔ پرائمری پاس سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

4۔ درخواست پر صدر صاحب/امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت

الف ۔ امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2010ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

ب۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

ج۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

د۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو کے لئے امیدواران کی لسٹ 5/اگست 2010ء کو نظارت تعلیم ربوہ اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

انٹرویو/ٹیسٹ 9,8/اگست کو صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 11/اگست کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

فہرست نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 20 مارچ 2010ء کو قبل نماز ظہر بمقام بیت الفضل لندن درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم محمود احمد صاحب برمی

مکرم محمود احمد صاحب برمی ابن مکرم ڈاکٹر عطاء اللہ صاحب آف برما نارتھ ویلز۔ یوکے مورخہ 17 مارچ کو مختصر علالت کے بعد 93 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ آپ بچپن میں ہی قادیان آگئے تھے اور وہیں پر تعلیم و تربیت مکمل کی۔ آپ انتہائی نیک، عبادت گزار اور مالی قربانی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے ایک دعا گو بزرگ تھے۔ خلافت احمدیہ اور خاندان حضرت مسیح موعود سے اخلاص و فدائیت کا بڑا گہرا تعلق رکھتے تھے۔ مرحوم موصی تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹی اور پانچ بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ مکرم قاضی ناصر احمد بھٹی صاحب آف ویلز کے سسر تھے۔

نماز جنازہ غائب

عزیزم سید عمران احمد

عزیزم سید عمران احمد ابن مکرم سید اعجاز احمد صاحب دارالصدر غربی ربوہ ایک حادثہ کے نتیجہ میں کچھ دن قومہ میں رہنے کے بعد 2 مارچ 2010ء کو 20 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ مرحوم وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل تھے اور کچھ عرصہ سے مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ میں وقف عارضی کی توفیق پا رہے تھے۔ آپ کو دعوت الی اللہ کا بہت شوق تھا اور اپنے دوستوں اور اساتذہ کو کسی نہ کسی رنگ میں پیغام حق پہنچاتے رہتے تھے۔ تمام احمدی اور غیر احمدی طلباء میں ہر دلعزیز تھے۔ وفات کے بعد ڈاکٹروں کی درخواست پر ان کے گردے دو غریب خواتین کو Donate کئے گئے جس کا اخبارات اور TV نے بھی ذکر کیا۔ پسماندگان میں والدین کے علاوہ دو بھائی یادگار چھوڑے ہیں۔

مکرم ماسٹر محمد ابراہیم شاد صاحب

مکرم ماسٹر محمد ابراہیم شاد صاحب مورخہ 25 فروری 2010ء کو 100 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ 1926ء کے جلسہ سالانہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دست مبارک پر بیعت کر کے جماعت میں شامل ہوئے۔ پیشہ کے اعتبار سے ٹیچر تھے۔ نہایت مخلص، فدائی اور پرجوش داعی الی اللہ تھے۔ ملازمت کے دوران دعوت الی اللہ کی وجہ سے آپ کو مختلف جگہوں سے ٹرانسفر بھی کیا گیا۔ خلافت کے ساتھ آپ کو والہانہ عقیدت تھی اور جوانی سے ہی نماز باجماعت اور تہجد کے پابند اور بلا ناغہ تلاوت قرآن کریم کے عادی تھے۔ چھور مغلیاں قیام کے دوران 41 سال تک مختلف جماعتی عہدوں پر خدمت کی توفیق پائی۔ بعد ازاں خانیوال میں بطور زعیم اعلیٰ انصار اللہ خدمت کا موقع ملا۔ آپ ایک باذوق شاعر بھی تھے۔ پسماندگان میں چار بیٹیاں اور چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ کے ایک بیٹے مکرم محمد الیاس صاحب کو 1974ء میں ٹیکسلا میں راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا تھا۔ آپ مکرم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت کے سسر اور مکرم پروفیسر چوہدری محمد علی صاحب وکیل التصنیف ربوہ کے سمدھی تھے۔

مکرمہ امۃ الرؤف صاحبہ

مکرمہ امۃ الرؤف صاحبہ اہلیہ مکرم عبدالشکور خان صاحب مرحوم کا مورخہ 10 فروری 2010ء کو دو نامعلوم افراد نے آپ کے گھر میں داخل ہو کر گلا دبایا جس سے آپ وفات پاگئیں۔ آپ نہایت نیک، پرہیزگار، نمازوں کی پابند، تہجد گزار، غریبوں کی ہمدرد اور مخلص خاتون تھیں۔ آپ کا تعلق حضرت مسیح موعود کے دو رفقاء حضرت حکیم عبدالرحمٰن صاحب اور حضرت خدابخش خان صاحب کے خاندان سے تھا۔

مکرم رانا محمد یوسف صاحب

مکرم رانا محمد یوسف صاحب ابن مکرم میاں محمد یامین صاحب مرحوم تاجر کتب قادیان حال کینیڈا مورخہ 12 فروری 2010ء کو 88 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ آپ نہایت متقی، دعا گو، نمازوں کی باجماعت ادائیگی کے پابند، خلافت اور نظام جماعت سے محبت و اخلاص کا تعلق رکھنے والے نیک انسان تھے۔ مالی قربانی میں ہمیشہ پیش پیش رہتے۔ مرحوم موصی تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور پانچ بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

مکرم سید مبارک احمد شاہ صاحب

مکرم سید مبارک احمد شاہ صاحب شاہ مسکین ضلع ننکانہ مورخہ 18 فروری 2010ء کو 67 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ آپ حضرت سید محمد صدیق شاہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے۔ لمبا عرصہ جماعت شاہ مسکین کے صدر کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔ 2009ء میں آپ کو اسیر راہ مولیٰ ہونے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ پسماندگان میں چار بیٹیاں اور چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

مکرمہ سیدہ ساجدہ منیر صاحبہ

مکرمہ سیدہ ساجدہ منیر صاحبہ اہلیہ مکرم خان حبیب اللہ خان صاحب ربوہ مورخہ 30 نومبر 2009ء کو 77 سال کی عمر میں وفات پاگئیں۔ آپ نے 1965ء سے 2007ء تک لجنہ اماء اللہ ربوہ میں گروپ لیڈر کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ اس کے علاوہ اجتماعات، جلسوں، تربیتی کلاسز اور گیمز وغیرہ کے موقعوں پر بھی احسن رنگ میں مفوضہ فرائض سرانجام دیتی رہیں۔ جماعت کی مالی تحریکات میں حسب استطاعت بھرپور حصہ لیتی تھیں۔

مکرمہ نصرت پروین صاحبہ

مکرمہ نصرت پروین صاحبہ اہلیہ مکرم محمد طارق صاحب ربوہ مورخہ 16 دسمبر 2009ء کو 48 سال کی عمر میں بعارضہ کینسر وفات پاگئیں۔ آپ نمازوں کی پابند، نیک سیرت، تہجد گزار، مہمان نواز، جماعتی خدمت اور مالی قربانی میں پیش پیش رہنے والی مخلص خاتون تھیں۔ تحریک جدید میں اپنا زیور پیش کرنے کی بھی توفیق پائی۔ رشتہ داروں اور احمدی احباب کے دکھ سکھ میں شریک ہوتیں اور ضرورت مندوں کا خیال رکھتی تھیں۔ خلافت اور نظام جماعت سے آپ کو والہانہ عشق تھا۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور دو بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ مکرم نوید عمران انجم صاحب مربی سلسلہ وکالت وقف نو ربوہ کی ہمشیرہ تھیں۔

مکرمہ صدیقہ ناصر صاحبہ

مکرمہ صدیقہ ناصر صاحبہ اہلیہ مکرم عبداللطیف شرما صاحب مورخہ 7 مارچ 2010ء کو 76 سال کی عمر میں وفات پاگئیں۔ آپ بڑی ملنسار، مہمان نواز اور غریب پرور خاتون تھیں۔ پاکستان میں مربیان کی خدمت بڑے شوق سے کرتی تھیں اور خلافت سے آپ کو بے پناہ عشق تھا۔ محلّہ کے بچوں کو قرآن کریم پڑھایا کرتی تھیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔

مکرم انس احمد صاحب

مکرم انس احمد صاحب ابن مکرم مظفر احمد اٹھوال صاحب گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مورخہ 3 مارچ 2010ء کو گردوں کی تکلیف سے کچھ عرصہ بیمار رہ کر 30 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ آپ نے بیماری کا تمام عرصہ بڑے صبر و تحمل سے گزارا۔ والدین کے فرمانبردار، سلسلہ کے فدائی اور خلافت سے وفا کا تعلق رکھنے والے مخلص نوجوان تھے۔ ایم ٹی اے کے پروگرام بڑی باقاعدگی سے دیکھتے اور چندوں کی ادائیگی کی آپ کو بہت فکر رہتی تھی۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرمائے۔ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

مکرم لقمان مجوکہ صاحب مہتمم دعوت الی اللہ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی

دوسرا سالانہ دعوت الی اللہ سیمینار 2009ء جرمنی

محض اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کو شعبہ دعوت الی اللہ کے تحت دوسرا نیشنل دعوت الی اللہ سیمینار مورخہ 24 تا 29 دسمبر 2009ء ناصر باغ گروس گیراؤ میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اس دعوت الی اللہ سیمینار کے لئے امسال ایک نصاب جرمن زبان میں تیار کیا گیا، اس نصاب کی تیاری میں مکرمی عمران ذکاء صاحب نائب صدر اوّل اور مکرم منصور احمد گردیزی صاحب نائب مہتمم مال اور مکرم منصور احمد صاحب معاون صدر نے بہت محنت کی۔

صداقت حضرت مسیح موعود کے موضوع پر ایک Presentation بنا کر نصاب کے ساتھ لگا دی گئی تھی تاکہ لیکچر کے وقت شرکاء اس پر ضروری نوٹس بھی لکھ سکیں۔

مختلف موضوعات کے لئے مندرجہ ذیل اساتذہ کی خدمات حاصل رہیں۔

1۔ مکرم وسیم غفار صاحب دعوت الی اللہ
2۔ مکرم میر لطیف صاحب عیسائیت اور بائبل
3۔ مکرم اشرف ضیاء صاحب
حضرت محمد ﷺ کی ازواج مطہراتؓ
4۔ مکرم طارق کریم عارف صاحب
وجود باری تعالیٰ، جہاد
5۔ مکرم شمشاد احمد قمر صاحب
اختلافی مسائل
6۔ مکرم حماد ہیرٹر صاحب
Churh Organizations and Foundations Dealing with Women in World Religions
7۔ مکرم ہدایت اللہ ہبش صاحب
Letter to News Papers Editors

ان لیکچرز کے علاوہ شاملین کو ایک ڈاکومنٹری دکھائی گئی جس کا عنوان "مسیح ہمالیہ میں" تھا اور جو ایک مقامی ٹیلی وژن چینل نے بنائی تھی۔ اس کے علاوہ شرکاء دعوت الی اللہ سیمینار کو ایم ٹی اے پر چلنے والے پروگرام "راہ ہدیٰ" کی مختلف اقساط دکھائی گئیں۔ جن میں احمدیت پر ہونے والے مختلف سوالوں کے جوابات دیئے گئے تھے۔ چونکہ نیشنل دعوت الی اللہ سیمینار کے ساتھ ناصر باغ میں نیشنل تربیتی کلاس بھی منعقد ہو رہی تھی اس لئے بعض لیکچرز ایسے بھی تھے جن میں دونوں کلاسز کے شرکاء نے حصہ لیا۔ ان لیکچرز میں:

1۔ تعلق باللہ — مکرم حافظ قدرت اللہ صاحب
2۔ حسن اخلاق — مکرم محمود خان صاحب
3۔ برکات خلافت — مکرم مولانا مبارک احمد تنویر صاحب
4۔ ترتیب قرآن کریم — مکرم نوید حمید صاحب

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

مکرم خواجہ منظور صادق صاحب

پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے کوچہ ہائے قادیاں

قادیان کو خدا نے مجمع الدیار بنا دیا کہ ہر ایک ملک کے لوگ یہاں جمع ہوتے ہیں

خاکسار کو جلسہ سالانہ قادیان 2009ء میں شرکت کی توفیق ملی۔اس عاجز کیلئے قادیان دارالامان کی زیارت کرنے اور وہاں اس للّٰہی جلسہ میں شمولیت اختیار کرنے کا یہ زندگی کا پہلا موقع اور بدیں وجہ بابرکت سفر تھا۔راولپنڈی سے اس مرتبہ لگ بھگ 134 خوش نصیب حضرات کو جلسہ سالانہ قادیان میں شرکت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔اس مقصد کے لئے جماعتی نظام کے تحت پہلا قافلہ 21 اور دوسرا قافلہ 24 دسمبر 2009ء کو راولپنڈی سے براہ راست واہگہ بارڈر پہنچا۔ان دو قافلوں کے علاوہ بعض احباب اپنے انفرادی انتظام کے تحت واہگہ بارڈر پہنچے۔

خاکسار دوسرے قافلہ میں شامل تھا چنانچہ 24 دسمبر کو دعا کے ساتھ مرد و خواتین پر مشتمل یہ قافلہ علی الصبح پانچ بجے کے قریب ایوان توحید راولپنڈی سے بذریعہ سپیشل بس عازم لاہور ہوا۔اس موقع پر ایوان توحید میں محترم امیر صاحب کی ہدایت پر شاملین جلسہ کی مدد کیلئے مستعد خدام کی ڈیوٹیاں لگائی گئی تھیں جنہوں نے مردوں اور عورتوں کو بسوں پر انتظام کے ساتھ بٹھانے ان کے سامان کو بحفاظت رکھنے کے علاوہ ان کے لئے گرم گرم چائے' انڈوں اور ناشتہ کے دیگر لوازمات کے خاطر خواہ انتظامات کئے ہوئے تھے۔نماز فجر ہم نے کوئی تیس کلومیٹر فاصلہ طے کرنے کے بعد گوجر خان کے قریب بس میں ہی باجماعت ادا کی۔تقریباً دس بجے ہم واہگہ بارڈر پہنچے تو لاہور کے خدام واطفال کو جماعتی نظام کے تحت مختلف مقامات پر اپنی اپنی ڈیوٹی پر مستعد پایا۔کچھ دیر بعد ربوہ سے بھی سپیشل بسیں پہنچ گئیں۔یہاں کراچی سے لیکر پشاور تک پاکستان بھر سے اس بابرکت سفر پر جانے والے پانچ ہزار سے زائد احمدی مردوزن کے لئے گزشتہ تقریباً ایک ہفتہ سے جماعت لاہور کی طرف سے کھانے پینے' باربرداری وغیرہ کے لئے ہر جگہ انتہائی معقول اور مناسب انتظامات کئے گئے تھے زبردست رش کے باوجود کسی جگہ بھی کوئی بدمزگی اور بدنظمی دیکھنے میں نہ آئی اور ہر طرف خوب چہل پہل تھی۔بارڈر کے دوسری جانب جماعت احمدیہ قادیان کی جانب سے بھی مہمانوں کے لئے ایسے ہی خاطر خواہ انتظامات کئے گئے تھے۔

بارڈر سے قادیان پہنچانے کے لئے احباب جماعت کے لئے سپیشل بسوں کا خصوصی انتظام بھی شامل تھا جن پر باضابطہ نمایاں طور پر نمبرز بھی لگائے گئے تھے جیسے ہی امیگریشن کے مراحل کی تکمیل کے بعد مسافروں سے ایک بس بھر جاتی اسے اڈے سے روانہ کر دیا جاتا چنانچہ ایسی ہی ایک سپیشل بس میں خاکسار اپنی فیملی کی چند مستورات کے ہمراہ سوار ہوا۔اس میں راولپنڈی کے علاوہ بعض دیگر شہروں کے احباب بھی شامل تھے جونہی یہ بس روانہ ہوئی قادیان کی مقدس بستی کو دیکھنے کے لئے نظریں بے تاب اور دل بیقرار تھا۔میں چونکہ قادیان پہلی مرتبہ جا رہا تھا اس لئے میرا ''شوق دید'' بے قابو ہوئے جا رہا تھا مگر سفر تھا کہ ختم ہونے میں نہیں آ رہا تھا اور ایک ایک لمحہ کا انتظار بھی دوبھر ہوئے جا رہا تھا۔اس موقع پر حضرت اقدس مسیح موعود کا یہ شعر بار بار زبان پر آ رہا تھا:

میں تھا غریب و بے کس و گمنام و بے ہنر
کوئی نہ جانتا تھا کہ ہے قادیاں کدھر
لوگوں کی اس طرف کو ذرا بھی نظر نہ تھی
میرے وجود کی بھی کسی کو خبر نہ تھی
اب دیکھتے ہو کیسا رجوع جہاں ہوا
اک مرجع خواص یہی قادیاں ہوا

میری نگاہیں آج سے تقریباً سوا سو سال قبل کے قادیان کا منظر دیکھ رہی تھیں جو ایک چھوٹا سا گاؤں تھا 'بڑے شہروں سے میلوں دور' سفر کی آجکل کی سہولتیں بھی نہ تھیں اس وقت تو یکے تھے یا پھر پیدل میلوں میل سفر کی صعوبتیں۔ایسے حالات میں قادیان کی ایک دور افتادہ اور فی الواقع گمنام بستی سے حضرت مسیح موعود کا الٰہی اذن کے مطابق مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ کرنا اور پھر تمام رکاوٹوں' مخالفتوں کے طوفانوں اور انتہائی نامساعد حالات کے باوجود الٰہی بشارتوں کے مطابق آپ کا پیغام قادیان سے باہر نکل کر نہ صرف پورے ہندوستان بلکہ اکناف عالم تک پہنچنا اور آپ کے منہ سے نکلی اور نوک قلم پر آنے والی ایک ایک بات اور ایک ایک پیشگوئی کا لفظ بلفظ پورا ہونا آپ کی صداقت کی دلیل نہیں تو کیا ہے؟

صاف دل کو کثرت اعجاز کی حاجت نہیں
اک نشاں کافی ہے گر دل میں ہو خوف کردگار

حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے انہی بے کسی اور گمنامی کے حالات میں ایک بشارت یہ دی تھی کہ تیرے پاس دور دور سے لوگ چل کر آئیں گے یہاں تک کہ راستوں میں گڑھے پڑ جائیں گے۔چنانچہ حضور فرماتے ہیں:۔

''100 واں نشان براہین احمدیہ کی وہ پیشگوئی ہے جو اس کے صفحہ 241 میں درج ہے.........(ترجمہ) خدا کے فضل سے نومید مت ہو اور یہ بات سن رکھ کہ خدا کا فضل قریب ہے۔خبردار ہو کہ خدا کی مدد قریب ہے وہ مدد ہر ایک راہ سے تجھے پہنچے گی اور ہر ایک راہ سے لوگ تیرے پاس آئیں گے اور اس کثرت سے آئیں گے کہ وہ راہیں جن پر وہ چلیں گے عمیق ہو جائیں گی خدا اپنے پاس سے تیری مدد کرے گا تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دلوں میں ہم آپ القاء کریں گے مگر چاہئے کہ تو خدا کے بندوں سے جو تیرے پاس آئیں گے بدخلقی نہ کرے اور چاہئے کہ تو ان کی کثرت دیکھ کر ملاقاتوں سے تھک نہ جائے''۔

(حقیقۃ الوحی روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 262)

اس وقت سے لیکر آج تک شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا ہو جب اللہ تعالیٰ کا حضور سے کیا ہوا یہ وعدہ پورا نہ ہوتا ہو اور دنیا بھر سے لوگ کشاں کشاں قادیان کے لئے رخت سفر نہ باندھتے ہوں تاہم آج تو بات ہی کچھ اور تھی آج تو آپ کے ہزاروں عشاق کے قافلوں کے قافلے قادیان کی طرف رواں دواں تھے اور حضور کا یہ فرمان کہ ایک مرجع خواص یہی قادیاں ہوا ایک نئی شان کے ساتھ پورا ہو رہا تھا۔الغرض انہی خیالات اور تصورات میں گم اور حضرت اقدس کے انہی مذکورہ بالا اشعار کو گنگناتے ہوئے بالآخر تقریباً دو گھنٹے کا سفر طے کرنے کے بعد ہمارا قافلہ سرشام قادیان کے قریب پہنچا تو منارۃ المسیح پر دور سے ہی نگاہ پڑی۔دل کو سکون و اطمینان ہوا کہ اب ہماری منزل آیا چاہتی ہے۔

منارۃ المسیح بھی ایک الٰہی نشان ہے۔اس پر نگاہ پڑتے ہی یہ خیال دل میں گزرا کہ ہو نہ ہو یہ قبولیت دعا کی گھڑی ہو اس لئے بارگاہ الٰہی میں بصد عجز و منت بصد احترام یہ جامع دعا کرنے کی توفیق پائی کہ اے خدا تیرے محبوب اور پیارے مسیح و مہدی نے اپنے مولا کے حضور جماعت کی ترقی کے لئے اور شاملین جلسہ کیلئے اس مقدس بستی میں جس قدر دعائیں کی ہیں وہ سب قبول فرما اور مجھ جیسے نابکار کو بھی ان دعاؤں کا وارث بنا۔چند منٹوں بعد ہمارا قافلہ قادیان کے بس سٹاپ پر پہنچا تو شعبہ استقبال کی طرف سے لاؤڈ سپیکر پر نعرہ ہائے تکبیر اور دیگر فلک شگاف نعروں سے اس مقدس بستی کے در و دیوار تک گونج اٹھے۔یہاں بالکل وہی منظر تھا جو کبھی ہم ربوہ میں سالانہ جلسہ کے موقع پر دیکھا کرتے تھے جونہی کوئی سپیشل بس واہگہ سے قادیان پہنچتی پرجوش نعروں سے مہمانوں کا استقبال ہوتا یہاں بھی خدام و اطفال مسیح موعود کے مہمانوں کو خوش آمدید کہنے اور ان کی راہنمائی و مدد کے لئے موجود تھے اور جہاں جہاں جس کے قیام کا انتظام تھا اسے وہاں پہنچانے کا مناسب بندوبست کیا گیا تھا۔خوش قسمتی سے ہمارے افراد خانہ سمیت پنڈی کے متعدد احباب کے لئے ایک مخلص دوست کے قادیان میں حال ہی میں بنائے گئے ایک دو منزلہ شاندار مکان میں قیام کا بندوبست ہو گیا جہاں ہمیں گھر کی ہر سہولت اور آرام میسر رہا۔اس قیام گاہ میں راولپنڈی کے بیس کے لگ بھگ دوسرے احباب بھی تھے اور اسے باضابطہ جماعتی قیام گاہ کی حیثیت حاصل تھی۔ہماری یہ قیام گاہ دارالمسیح کے بہت قریب تھی اس لئے تہجد، فجر اور مغرب وعشاء کی باجماعت نمازوں کے لئے بیت اقصیٰ میں جانے روزانہ بیت الدعا میں حاضر ہونے اور جلسہ گاہ میں آنے جانے کی کافی سہولت رہی خیر ہم اپنی اس قیام گاہ پر پہنچے ہی تھے کہ بیت اقصیٰ کے لاؤڈ سپیکر سے نماز مغرب کیلئے نداء بلند ہوئی اس موقع پر ایک بار پھر ربوہ کے ان سالانہ جلسوں کی یاد آئی جب بیت مبارک اور جلسہ گاہ میں لگے لاؤڈ سپیکرز سے بلند ہونے والی ندائیں ہمارے کانوں میں پڑتیں اور دلوں کو شاد و مسرور کیا کرتی تھیں۔

وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں؟

قیام گاہ پر اپنا ساز و سامان رکھتے ہی بھاگم بھاگ بیت اقصیٰ پہنچے جہاں بہت رش تھا۔اس مرتبہ جلسہ پر سیکیورٹی کا کمپیوٹرائزڈ سیکیورٹی انتظام کیا گیا تھا اور باہر سے قادیان پہنچنے والے ہر شخص کو خواہ وہ چھوٹا تھا یا بڑا مرد تھا یا عورت ایک رجسٹریشن کارڈ جاری کیا گیا تھا جس کو دکھائے بغیر نہ وہ کسی بیت میں جا سکتا تھا نہ جلسہ گاہ میں نہ بہشتی مقبرہ اور دیگر کسی جگہ۔بیت اقصیٰ میں جانے کے لئے گیٹ پر لمبی قطار میں سیکیورٹی چیک اپ کے مراحل سے گزرنا پڑا مگر کوئی بھگدڑ نہ تھی ہر ایک آرام و سکون سے خوشی خوشی اپنا رجسٹریشن کارڈ دکھاتا اور اندر چلا جاتا۔ہر چہرہ شاد و مسرور تھا کیوں نہ ہوتا وہ ''دارالامان'' اور ''الدار'' میں جو تھا۔بیت اقصیٰ میں اب اس قدر توسیع کی گئی ہے کہ یہاں اوپر اور نیچے کی منزلوں میں ایک وقت میں پانچ چھ ہزار نمازی سما سکتے ہیں چنانچہ تہجد' فجر اور مغرب وعشاء کی نمازوں میں بیت میں تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی تھی جبکہ مستورات کے لئے بیت مبارک میں نماز باجماعت کا انتظام ہوتا تھا جو ان کے لئے بھی باوجود بہت توسیع کے تنگ ہو گئی تھی۔مغرب اور عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائی گئیں۔نمازوں سے فراغت کے بعد بیت سے باہر آیا تو ہر طرف خوب چہل پہل تھی۔قادیان کی بستی میں عید کا سا سماں تھا۔بیت اقصیٰ' بیت مبارک' دارالمسیح اور احمدیہ چوک سمیت ہر جانب بجلی کے خوبصورت قمقموں اور چراغاں نے روشنیاں بکھیری ہوئی تھیں اور ہر سُو خوشیاں ہی خوشیاں اور مسرتیں تھیں تاہم نہ کوئی دھکم پیل تھی نہ کوئی شور شرابا اور عام بازاری ہلہ گلہ.....

24 دسمبر کا دن تمام ہوا اگلے روز یعنی 25 دسمبر کو جمعہ تھا۔جمعہ کی نماز جلسہ گاہ میں ادا کی گئی۔وسیع و عریض جلسہ گاہ کو خوبصورت سٹیج اور بینروں سے سجایا گیا تھا۔لاؤڈ سپیکر کا مناسب انتظام اور سیکیورٹی کا خاطر خواہ بندوبست کیا گیا تھا۔مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ قریب قریب تھے۔ہزاروں مردوزن نے مکرم مولانا محمد انعام غوری صاحب (ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان) کی امامت میں نماز جمعہ ادا کی۔جلسہ سالانہ کے پروگراموں کا باضابطہ آغاز 26 دسمبر کو ہوا اور پھر تین دن پلک جھپکتے گزر گئے۔روزانہ دو سیشن ہوتے۔پہلا سیشن دس بجے سے ڈیڑھ بجے تک اور دوسرا نماز ظہر وعصر کی نمازوں کے بعد دو سوا دو بجے شروع

ہوتا اور ساڑھے تین بجے تک جاری رہتا۔ ہر مقرر کیلئے آدھ گھنٹہ وقت مقرر تھا جس کی ہر مقرر نے سختی سے پابندی کی۔ یہ بھی جماعتی نظام اور خلافت کی برکت ہے کہ جلسہ کی ہر تقریر کے لئے موضوع کا انتخاب حضرت خلیفۃ المسیح کی منظوری سے ہوتا ہے اور ہر مقرر کو حالات حاضرہ کے مطابق کوئی نہ کوئی علمی مضمون دیا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہر مقرر نے اپنے موضوع پر مکمل تیاری کے ساتھ اظہار خیال کیا اور ہر تقریر سننے کے لائق تھی۔

جلسہ کے پروگراموں میں سے سب سے اہم بلکہ سب کی جان پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہُ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کا لندن سے ایم ٹی اے کے ذریعہ براہ راست خطاب تھا۔ مقامی وقت کے مطابق تقریباً چار بجے سہ پہر حضور کا یہ خطاب شروع ہوا تو اس وقت جلسہ گاہ سامعین سے پوری طرح بھری تھی اور تمام حاضرین نے جن میں کثیر تعداد میں غیر بھی شامل تھے حضور انور کا یہ روح پرور، ولولہ انگیز اور ایمان افروز خطاب ہمہ تن گوش ہو کر سنا۔ اس دوران بار بار نعرہ ہائے تکبیر اور دیگر فلک شگاف نعروں سے قادیان کی بستی مسلسل گونجتی رہی۔ ایک طرف قادیان کی جلسہ گاہ سے اور دوسری طرف لندن میں اس مقصد کے لئے خصوصی طور پر تیار کئے گئے جلسہ کے ماحول سے جب پرجوش نعرے بلند ہوتے تو یہ مناظر دلوں کو گرمانے والے اور ایمانوں میں نیا جوش جذبہ اور ولولہ پیدا کرنے والے تھے۔ جلسہ گاہ میں حضور انور کا خطاب سنانے کے لئے ایک بہت بڑی سکرین لگائی گئی تھی جس سے حضور کا خطاب بہت واضح اور صاف تصویر اور آواز کے ساتھ سنا جا سکتا تھا اور یوں محسوس ہو رہا تھا کہ حضور بنفس نفیس قادیان کے جلسہ گاہ کی سٹیج پر تشریف فرما ہیں اور حاضرین جلسہ سے براہ راست خطاب فرما رہے ہیں۔ ایم ٹی اے کی برکت سے حضور انور کا یہ خطاب نہ صرف قادیان بلکہ دنیا بھر کے 195 ممالک میں بسنے والے کروڑوں احمدیوں نے بھی سنا اور قادیان اور لندن کے جلسوں کے مناظر براہ راست اپنے اپنے ملک میں دیکھے۔

حضور کے تقریباً ایک گھنٹہ کے خطاب کے بعد حضور کی موجودگی میں ہی قادیان اور لندن کی جلسہ گاہ سے بچوں اور جامعہ احمدیہ کے طلبہ نے خوبصورت نغمے اور قصیدے پڑھ کر سامعین جلسہ کو خوب محظوظ کیا۔ ایم۔ ٹی۔ اے زندہ باد۔

حضور انور نے اپنے خطاب کے آخر میں پُرسوز دعا کرائی جس کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ قادیان کا یہ 118 واں جلسہ سالانہ اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر جلسہ گاہ نعرہ ہائے تکبیر اور جماعت کے دیگر روایتی نعروں سے کافی دیر تک گونجتی رہی اور دنیا کے مختلف ملکوں اور علاقوں سے آئے ہوئے تقریباً بیس ہزار شاملین جلسہ ایک نئے روحانی جنم اور اپنے ایمانوں میں ایک نیا جوش اور ولولہ لیکر رخصت ہوئے۔

جلسہ کے پروگراموں کا ایک دلچسپ حصہ مہمان معززین کے خطاب کا تھا جس میں بھارت کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے ہندو اور سکھ برادری کے اکابرین نے اظہار خیال کرتے ہوئے جماعت احمدیہ عالمگیر کی خدمات انسانیت اور عالمی بھائی چارے کے لئے اس کی کاوشوں کو سراہا۔ اس جگہ یہ بھی بتا دوں کہ جلسہ کے تینوں دنوں کے پروگراموں میں ہندوؤں اور سکھوں کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی اور بڑے شوق سے جلسہ کی کارروائی سنی۔

ہمارا یہ جلسہ کوئی عام میلہ ٹھیلہ نہیں ہوتا بلکہ حضرت اقدس مسیح موعود نے اس جلسہ کی بنیاد جب 1891ء میں رکھی تو اس کی اغراض و مقاصد واضح کرتے ہوئے فرمایا ''اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ (۔) پر بنیاد ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 281)

پھر فرمایا:۔

''اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے''۔

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد نمبر 4 صفحہ 351)

حضور کے انہی ارشادات کی روشنی میں جلسہ سالانہ کے شرکاء کے ایمانوں، یقین اور معرفت میں ترقی دینے اور خاص دعاؤں اور توجہ کا ماحول پیدا کرنے کیلئے سلسلہ تقاریر کے علاوہ جلسہ کے ایام میں نماز تہجد باجماعت کا اہتمام ہماری جماعتی روایت بن چکا ہے چنانچہ جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر بھی بیت اقصیٰ میں باجماعت نماز تہجد کا انتظام تھا۔ خواتین کیلئے بیت مبارک میں انتظام کیا گیا تھا۔ صبح کے اوقات کی شدید سردی اور دھند کے باوجود نماز تہجد میں شمولیت کے لئے لوگوں کا اشتیاق اور جذبہ دیدنی تھا جس کی وجہ سے بیت کے بالائی اور نچلے حصے ہزاروں نمازیوں سے کھچا کھچ بھرے ہوتے اور پھر نماز میں امام الصلوٰۃ کی خوش الحانی سے پڑھی جانے والی آیات اور مسنون دعاؤں پر انتہائی سوز و گداز اور گریہ وزاری کے مناظر دیکھ کر یوں محسوس ہوتا تھا کہ ہر روح پگھل پگھل کر اپنے رب کے حضور سربسجود ہے اور اپنے گناہوں کی معافی اور مغفرت کیلئے مرغ بسمل کی طرح تڑپ رہی ہے۔ یہ مناظر الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ ایسا لگتا تھا کہ عرش کا خدا بھی اپنے ان بندوں کی عاجزانہ مناجات سننے اور ان کی پرسوز اور دردبھری دعاؤں کے قبول کرنے کیلئے گویا عرش سے نیچے آکر ''اجابت از درحق بہر استقبال می آید'' کا منظر پیش کر رہی ہے۔

تقریباً ایک گھنٹہ کی نماز تہجد کے بعد سوا چھ بجے کے قریب نداء فجر ہوتی اور پھر نماز و درس کے بعد یہ روحانی اجتماع اختتام پذیر ہوتا تو ہزاروں لوگوں کا یہ جم غفیر کسی بھگدڑ اور افراتفری کے بغیر انتہائی نظم و ضبط اور پورے وقار کے ساتھ دارالمسیح کی تنگ گلیوں اور بازار سے ہوتا ہوا اپنی اپنی قیام گاہوں یا پھر بہشتی مقبرہ کی طرف رخ کرتا اور حضرت اقدس مسیح موعود کے مزار مقدس پہ حاضری دیتا، بہشتی مقبرہ میں مدفون دیگر بزرگان سلسلہ کے بلندی درجات اور خود اپنے اور ''اپنوں'' کیلئے دعائیں کرتا۔ یہاں بھی کڑاکے کی سردی اور دھند کے باوجود عورتوں، مردوں اور بچوں کا ایک ہجوم ہوتا مگر نظم و ضبط مثالی، بہشتی مقبرہ کا پورا احاطہ تزئین و آرائش کے اعتبار سے بہت خوش نما اور خوبصورت ہے اس کے ساتھ ہی حضرت اقدس مسیح موعود کا آموں کا وہ باغ بھی ہے جس میں حضور اکثر آتے جاتے تھے۔ بہشتی مقبرہ کے ساتھ ہی قدرت ثانیہ کے ظہور کی جگہ کو اب ایک خوبصورت یادگار کے طور پر محفوظ اور خوبصورت اور قیمتی ماربل لگا کر دلکش بنا دیا گیا ہے۔ اس یادگار پر قدرت ثانیہ کے بارے میں حضرت اقدس مسیح موعود کی معروف پیشگوئی اور بشارت کے الفاظ مختلف زبانوں میں کندہ کئے گئے ہیں جو ہر آنے والے کو دعوت نظارہ دیتے ہیں۔

قادیان میں قیام کے دوران ایک اور بابرکت مصروفیت بیت الدعا میں دعائیں کرنے کا موقع میسر آنا تھا۔ جلسہ کے ایام میں بیت الدعا میں چند لمحے گزارنے کے لئے احباب جماعت کو گھنٹوں لمبی لمبی قطاروں میں انتظار کرتے دیکھا گیا۔ خاکسار قادیان میں قیام کے چھ روز رات کے اڑھائی تین بجے اپنی دانست میں ''بہت صبح سویرے'' جب بھی گیا لمبی قطار میں لوگوں کو باری کا انتظار کرتے پایا اور خاکسار کو بھی ہر روز ڈیڑھ دو گھنٹے کے انتظار کے بعد بیت الدعا تک رسائی ملی مگر قابل بیان بات یہ ہے کہ شدید سردی اور لوگوں کے اژدہام کے باوجود کوئی دھکم پیل نہ تھی کوئی شور شرابہ اور بدنظمی نہ تھی۔ ہر شخص زیر لب دعائیں کرتا کبھی کھڑے کبھی گھٹنوں کے بل گھسٹتا آہستہ آہستہ بیت الدعا کی طرف قدم بڑھاتا اور ڈیوٹی پر موجود خدام کے اشاروں تک کی تعمیل کرتا پایا۔ اگر وقت مقررہ تک بیت الدعا تک پہنچنے کا موقع مل گیا تو غنیمت اور موقع نہ ملا تو کوئی شکوہ و شکایت لبوں پر نہ تھی۔ بیت الدعا کے ساتھ بیت الفکر، بیت مبارک، سرخ چھینٹوں والا کمرہ، دالان حضرت اماں جان، یہ سب وہ مقدس مقامات ہیں جہاں مسیح پاک کے دن رات قدم مبارک پڑے چنانچہ جلسہ کے ایام میں ہر احمدی خواہ وہ مرد تھا یا عورت بچہ تھا یا بوڑھا توانا تھا یا کمزور، امیر تھا یا غریب اسے میں نے ان مقدس مقامات کی زیارت کرنے اور یہاں نوافل ادا کرنے اور دعائیں کرنے کیلئے بے حد مشتاق اور کوشاں پایا اور موسم کی شدت اور طویل و صبر آزما انتظار بھی اس کے اس شوق اور دلی خواہش کی راہ میں سدّ راہ نہ بن سکا۔ حضرت اقدس کے یہ عشاق اپنے پیارے آقا کے قدموں کے نشان تلاش کرنے اور ہر ہر جگہ آپ کی دعاؤں سے فیض یاب ہونے اور ان سے جھولیاں بھرنے کے لئے بیتاب و بیقرار تھے مگر ساتھ ساتھ نظام جماعت کی اطاعت کا یہ عالم تھا کہ نہ بیوت الذکر میں شور و غل اور دھکم پیل ہے نہ راہ چلتے دھینگا مشتی اور بدنظمی و بداخلاقی کا کوئی مظاہرہ۔

قادیان کے اپنے مکینوں کے علاوہ 26 ممالک کے بیس ہزار کے لگ بھگ لوگ ایک چھوٹی سی بستی میں جمع ہیں۔ کوئی اردو بول رہا ہے تو کوئی بنگلہ کوئی کشمیری میں بات کر رہا ہے تو کوئی ملیالم میں۔ مختلف قومیتوں اور رنگ و نسل کے لوگوں کا عالمگیر اجتماع ہے مگر سب ایک ''چشمہ رواں'' سے پانی پی رہے ہیں۔ اور عالمی بھائی چارے اور اخوت کا ایک حسین منظر پیش کر رہے ہیں اور یوں حضرت اقدس مسیح موعود کی اس پیشگوئی کو ہر ایک پوری شان کے ساتھ پوری ہوتے دیکھ رہا ہے کہ

''ایک دن آنے والا ہے جو قادیان سورج کی طرح چمک کر دکھلا دے گی کہ وہ سچے کا مقام ہے''۔

(دافع البلاء روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 213)

پھر فرمایا ''خدا نے اس ویرانہ کو یعنی قادیان کو مجمع الدیار بنا دیا کہ ہر ایک ملک کے لوگ یہاں آکر جمع ہوتے ہیں''۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 65)

اس مقدس بستی کے گلی کوچوں سڑکوں اور بازاروں میں جب مختلف رنگ و نسل کے لوگوں کو پاس سے گزرتے اپنی اپنی زبان میں باتیں کرتے دیکھتا تو بے اختیار مجھے حضرت اقدس کا یہ شعر یاد آتا اور دل کو سرور حاصل ہوتا۔

وہ خدا میرا جو ہے جوہر شناس
اک جہاں کو لا رہا ہے میرے پاس
لعنتی ہوتا ہے مرد مفتری
لعنتی کو کب ملے یہ سروری

ہمارے جلسہ سالانہ کی ایک اور برکت یہ ہے کہ یہ پرانے دوستوں اور عزیزوں میں ملاقات کا ایک موقع فراہم کرتا ہے۔ اس بارے میں حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ایک عارضی فائدہ ان جلسوں میں یہ بھی ہوگا کہ ھریک نئے سال جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہونگے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناس ہو کر آپس میں رشتہ تودّد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا اور جو بھائی اس عرصہ میں سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی اور تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کے لئے ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جلشانہ کوشش کی جائے گی اور اس روحانی جلسہ میں اور بھی کئی روحانی فوائد اور منافع ہوں گے جو انشاء القدیر وقتاً فوقتاً ظاہر

ہوتے رہیں گے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول جدید ایڈیشن صفحہ 281-282)

جلسہ قادیان خاکسار کے لئے اس لحاظ سے بھی انتہائی بابرکت اور خوشکن ثابت ہوا کہ کشمیر سے آئے ہوئے عزیزوں ورشتہ داروں سے تقریباً 62 سال بعد پہلی بار ملاقات ہوئی۔ تقسیم ہند کے وقت جب اپنے وطن کشمیر سے ہمارے خاندان کو ہجرت کر کے پاکستان آنا پڑا اس وقت خاکسار کی عمر کوئی پانچ چھ سال تھی اور اس کے بعد دونوں ملکوں کے کشیدہ تعلقات کے باعث کشمیر کے منقسم خاندانوں کے لئے میل ملاپ کے تمام راستے بند ہو گئے ماں باپ بہن بھائی اور دیگر خونی رشتے کٹ گئے اس اندوہناک پس منظر میں اس سال خداتعالیٰ کے فضل سے خاکسار کو جلسہ قادیان کے طفیل اپنے ان قریبی رشتہ داروں میں سے بعض سے پہلی بار ملاقات کا موقع ملا تو یہ منظر خوشی اور غمی کے ملے جلے جذبات کا حامل تھا۔ باسٹھ سال کے دوران تقریباً تین نسلیں گزر گئیں دونوں اطراف ہمارے کئی بزرگ اور بھائی بہن اپنے عزیزوں اور پیاروں سے ملاقات کی حسرت اور خواہش لئے اس جہان سے کوچ کر گئے۔

یہ جلسہ سالانہ قادیان کی ہی برکت ہے جس نے خاکسار کو اپنے ان بچھڑے بہن بھائیوں اور دیگر قریبی عزیزوں سے نصف صدی سے زائد عرصہ بعد ملوا دیا اسی طرح احمدیہ ہوسٹل لاہور میں 67-1966ء کے ہمارے ایک ہوسٹل فیلو دوست سے جو آجکل لاہور میں ہیں اس جلسہ پر تقریباً 42 سال بعد اور ایک اور دوست سے تقریباً بائیس تیئس سال بعد ملاقات ہوئی۔ کراچی میں مقیم ہمارے ایک عزیز بھائی اور ان کے بچے بھی پندرہ بیس سال بعد قادیان کے جلسہ میں ملے یہ سب فوائد اور برکات اس روحانی اجتماع کی ہیں۔

اور آخر میں اس دعا کے ساتھ اس مضمون کو ختم کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان تمام دعاؤں کا مستحق بنائے جو حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے اس بابرکت جلسہ کے شاملین کے لئے کی ہیں چنانچہ حضور ایک جگہ فرماتے ہیں۔

"بالآخر میں دعا پر ختم کرتا ہوں ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرماوے اور ان کو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم و مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ (۔) عطا فرما کہ ہر ایک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے آمین ثم آمین"۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول جدید ایڈیشن صفحہ 282-281)

مکرم عبدالعزیز خان صاحب

میرے والد حافظ عبدالکریم خان صاحب خوشابی

ہمارے پیارے والد محترم حافظ عبدالکریم خان صاحب آف خوشاب کی پیدائش 1901ء میں ہوئی۔ آپ 80 سال کی عمر میں 4 جنوری 1981ء کو اپنے پیارے مولیٰ کو پیارے ہو گئے۔

آپ پیدائشی احمدی تھے آپ کے والدین بچپن میں ہی فوت ہو گئے تھے۔ آپ کی چند بڑی عمر کی رشتہ دار عورتیں تھیں جو کہ ناخواندہ تھیں انہوں نے ہی آپ کو پالا اور تعلیم و تربیت کی وہ خود احمدی تھیں مگر احمدیت کی تربیت نہ کر سکیں جس کی وجہ سے آپ کا میل جول اہل حدیث فرقہ سے ہو گیا۔ آپ نے چھوٹی عمر میں ہی قرآن مجید حفظ کر لیا تھا جس کے بعد اپنی آبائی بیت الذکر جو کہ گھر کے ایک حصہ میں بنائی گئی تھی وہاں امام الصلوٰۃ مقرر ہو گئے۔ محلہ میں چند بزرگ احمدی تھے مرکز سے بھی مربیان آتے رہتے تھے وہ آپ کو اور آپ کے مقتدیوں کو دعوت الی اللہ کرتے رہتے تھے چونکہ آپ کی فطرت نیک تھی۔ اس لئے 1931ء میں آپ تجدید بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہو گئے۔ آپ کے ساتھ 72 مقتدی بھی احمدی ہو گئے۔ جس پر حضرت خلیفۃ ثانی نے خوشنودی کا اظہار کرتے ہوئے ذکر فرمایا کہ خوشاب کے ایک امام 72 نفوس کے ساتھ احمدیت میں داخل ہو گئے ہیں۔ احمدی ہونے کے بعد آپ پہلی بیت الذکر میں الگ جماعت کرایا کرتے تھے اور غیر از جماعت الگ نماز پڑھتے تھے۔ کچھ عرصہ تو انہوں نے برداشت کیا۔ آخر ایک دن جمعہ والے دن آپ کو جواب دے دیا کہ آپ یہاں نماز نہ پڑھا کریں بلکہ اپنا الگ انتظام کریں۔ چنانچہ پہلے آپ ایک احمدی کے مکان میں نمازیں اور جمعہ پڑھاتے رہے پھر آپ نے اپنے گھر کا ایک حصہ بیت الذکر کے لئے بلا معاوضہ وقف کر دیا۔ جس پر احباب جماعت نے بیت الذکر تعمیر کر لی اور پھر اس میں احمدیوں نے نمازیں اور جمعہ پڑھنا شروع کر دیا۔ بعد میں اس میں مختلف اوقات میں توسیع ہوتی رہی آج اللہ کے فضل سے ایک شاندار عمارت کی شکل میں وہاں احمدی نمازیں اور جمعہ باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں اور مرکز سے ایک مربی سلسلہ کو بھی وہاں مقرر کیا گیا ہے۔

آپ نے احمدیت کے لئے ہر قسم کی قربانی کی 1953ء کے فسادات میں مخالفین مٹی کے تیل کے ٹین لے کر آ گئے اور ہمارے گھر کو جلانے کی کوشش کی مگر آپ دعاؤں میں لگے رہے کسی قسم کی گھبراہٹ کا اظہار نہ کیا حتیٰ کہ مخالفین خود ہی ناکام و نامراد واپس چلے گئے۔

حفظ قرآن کریم کے بعد آپ ہر سال رمضان المبارک میں نماز تراویح میں قرآن کریم کا ایک دور مکمل کیا کرتے تھے۔ آپ نے نصف صدی سے زائد یہ فریضہ سرانجام دیا پہلے خوشاب کی بیت الذکر میں نماز تراویح پڑھاتے رہے پھر وفات سے چند سال قبل تک جب تک صحت نے اجازت دی ربوہ محلہ دارالعلوم وسطی میں نماز پڑھاتے رہے۔ آپ کا حافظہ بہت اچھا تھا۔ غلطی بہت کم ہوتی تھی۔

ہم تمام بہن بھائیوں کو خود ہی قاعدہ یسرنا القرآن اور پھر قرآن کریم پڑھایا اور روزانہ تلاوت سنا کرتے تھے۔ ہمیں پانچ وقتوں کی نمازوں کا بیت الذکر میں جا کر پڑھنے کا عادی بنایا ہمیں چندہ جات کی عادت ڈالی۔ ہر سال تحریک جدید و وقف جدید کے نئے سال کے اعلان کے ساتھ ہم کو جمع کئے ہوئے پیسوں سے اپنے ہاتھ سے چندہ دینے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ جب سے آپ احمدی ہوئے آپ ہر سال جلسہ سالانہ قادیان پھر ربوہ میں ہم سب کو ساتھ لے جایا کرتے تھے اور تمام دن جلسہ گاہ میں بیٹھ کر خود بھی غور سے تقاریر سنتے اور ہمیں بھی خاموشی سے تقریریں سننے کی تلقین فرماتے تھے۔ اسی طرح ہر سال آپ مجلس مشاورت اور سالانہ اجتماع انصاراللہ پر خود جاتے وہاں سے واپس آ کر کوئی نہ کوئی سلسلہ کی نئی شائع ہونے والی کتاب ہمیں دکھاتے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے گھر میں روزنامہ الفضل اور جماعتی رسالہ جات باقاعدگی سے منگواتے تھے۔

خوشاب میں جب تک رہے پانچ وقت نمازوں کے علاوہ نماز جمعہ بھی باقاعدگی سے پڑھاتے رہے۔ کچھ عرصہ آپ صدر جماعت بھی رہے۔ اور سالہا سال تک سیکرٹری مال کے عہدہ پر بھی کام کیا۔ آپ میں یہ خوبی تھی کہ الفضل سے خلفاء کرام کے خطبات پورے کے پورے اپنی مادری زبان پنجابی میں ترجمہ کر کے سناتے تھے۔ کیونکہ اس وقت حاضرین کی اکثریت اردو نہ سمجھتی تھی۔ پیشہ کے لحاظ سے آپ سکول ٹیچر تھے آخر میں ترقی پا کر ہیڈ ماسٹر کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔ اس کے بعد آپ ہمہ وقت جماعتی کاموں میں مصروف ہو گئے ہر جمعہ کو خود ہی بیت الذکر کی صفائی کرتے اور عورتوں کی طرف کپڑے کے پردے لگایا کرتے تھے۔

اسی طرح خوشاب سے ربوہ ہجرت سے چند سال قبل تک ہر سال رمضان المبارک میں اعتکاف بیٹھا کرتے تھے خشوع و خضوع سے دعائیں کیا کرتے تھے۔ آپ خود بھی اور ہماری والدہ مرحومہ بھی تہجد گزار تھے۔ تہجد کے وقت اونچی آواز سے بعض دفعہ دعائیں کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے ہم چھوٹے بہن بھائیوں کی آنکھیں کھل جاتی تھیں بعد میں ہمیں بھی تہجد کی عادت پڑ گئی۔ آپ بہت ہی نرم دل، صلح جُو شخص تھے کوئی آپ سے زیادتی بھی کرتا تو اسے معاف کر دیا کرتے تھے۔

آپ نے خوشاب میں محلہ آہیرانوالہ کے اکثر غیر از جماعت اور احمدی بچوں کو قرآن مجید ناظرہ پڑھایا۔ جبکہ ہماری والدہ مرحومہ گھر میں غیر از جماعت بچیوں اور احمدی بچیوں کو قرآن مجید پڑھایا کرتی تھیں۔

آپ ملازمت میں قلیل تنخواہ پاتے تھے اور اولاد زیادہ تھی گزارہ مشکل سے ہوتا تھا مگر آپ نے صبر اور شکر کے ساتھ یہ وقت گزارا ہماری والدہ محترمہ نے بھی آپ کا پورا پورا ساتھ دیا۔

